© rasailojaraid.com



روپے ماہانہ وظیفہ بھی دیا جائے گا۔

# مدرسۃ الازھر

## بزم اُدب

مدرسۃ الأزھر کے طلبہ کے اندر ہم نصابی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے ہر ہفتہ بروز بدھ باقاعدگی کے ساتھ بزم ادب کا اہتمام شروع کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد طلبا میں آغاز سے ہی فن تقریر کو اُجاگر کرنا ہے۔ اسی سلسلہ کو جاری رکھتے ہوئے گذشتہ ماہ جنوری ۲۰۰۹ء میں چار پروگراموں کا انعقاد کیا گیا، جن کی تفصیل کچھ یوں ہے:

| | | |
|---|---|---|
| پہلا ہفتہ | : | تیسرا گروپ: قاری محمد ابراہیم ملتانی حفظہ اللہ |
| دوسرا ہفتہ | : | پہلا و چوتھا گروپ: قاری محمد اشرف حفظہ اللہ اور قاری خلیل الرحمٰن حفظہ اللہ |
| تیسرا ہفتہ | : | دوسرا گروپ: قاری محمد یحییٰ پھولنگری حفظہ اللہ |
| چوتھا ہفتہ | : | پانچواں گروپ: قاری محمد رفیق حفظہ اللہ |

## ماہانہ ٹیسٹ کا اِنعقاد

مَدرسۃ الأزھر میں مروّجہ تعلیمی نظام کے مطابق اس ماہ بھی ماہانہ ٹیسٹ کا انعقاد ہوا جس میں ممتحن کے فرائض قاری شفیق الرحمٰن حفظہ اللہ اور قاری نجم الثاقب حفظہ اللہ نے سرانجام دیئے۔

پورے شعبہ سے ۱۸ طلبہ نے پوزیشن حاصل کیں، جن میں سے اوّل پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا کو ۱۰۰، ۱۰۰ روپے، دوئم پوزیشن حاصل کرنے والے کو ۸۰، ۸۰ روپے، جبکہ سوئم پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا کو ۷۰، ۷۰ روپے مالیت کے انعامات دیئے گئے۔ شعبہ کا مجموعی رزلٹ الحمدللہ ۸۷.۷۹ فیصد رہا۔ یاد رہے کہ جامعہ ہذا نے شعبہ کے تعلیمی معیار کو بہتر کرنے کے لیے تعداد کے بجائے معیار کی بہتری کو نصب العین میں شامل کیا ہے، چنانچہ عرصہ چھ ماہ کے دوران شعبہ میں طلبا کی تعداد کو ۱۵۰ سے ۱۱۵ تک محدود کر دیا گیا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## اساتذہ شعبہ کی اضافی ذمہ داریاں

تعلیمی وانتظامی امور کی بہتری کے لیے شعبہ کا نیا جدول کچھ یوں ترتیب دیا گیا ہے:

- **قاری محمد فیاض** حفظہ اللہ

مدیر شعبہ حفظ جناب قاری محمد فیاض حفظہ اللہ جو کہ گذشتہ دنوں ایک ٹریفک حادثے کا شکار ہو گئے تھے، جس کی بدولت ان کی سرگرمیاں تقریباً دو ماہ تعطل کا شکار رہیں، الحمد للہ صحت پاکر انھوں نے دوبارہ کاموں میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔ بحیثیت مدیر شعبہ وہ مدرسہ الازہر کے تعلیمی وانتظامی تمام امور کے انچارج ہیں۔

- **قاری نجم الثاقب** حفظہ اللہ

ناظم دفتر وذمہ دار امور تعلیم مدرسۃ الازھر ہیں۔

- **قاری حسان احمد** حفظہ اللہ

دوران تعلیم نظم ونسق کی بحالی کے ذمہ دار اور بعد از نماز مغرب طلباء کے نگران مطالعہ ہیں۔

- **قاری محمد یحییٰ** حفظہ اللہ

طلبہ شعبہ حفظ کے بعد از عشاء مطالعہ کے نگران ہیں۔

- **قاری محمد اشرف** حفظہ اللہ

نئے آنے والے اور موجود طلباء کے اسکان کے ذمہ دار ہیں۔

- **قاری خلیل الرحمٰن** حفظہ اللہ

دوپہر کے کھانے کی نگرانی کے ساتھ ساتھ طلبہ سے قیلولہ کی پابندی کے نگران مقرر ہیں۔

- **قاری محمد رفیق** حفظہ اللہ

تعلیمی کارکردگی کی ماہانہ رپورٹ تیار کرنے کی ذمہ داری محترم کے سپرد ہے۔

- **قاری محمد زبیر** حفظہ اللہ

قاری صاحب طلبہ سے متعلقہ خارجی اُمور کے نگران ہیں، جس میں عمارت کی تزئین و آرائش اور مریض طلباء کی دل جوئی اور طبی امداد وغیرہ شامل ہے۔

© rasailojaraid.com